## سوال

(243) عورت کا پردہ شرعی نہ تو تو نماز کیسے پڑھے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کوئی عورت حجاب پہنے ہوئے نہ ہو اور اسے نماز پڑھنی پڑ جائے یا اس کا پردہ شرعی تقاضوں کے مطابق نہ ہو مثلا اس کے بال کچھ ظاہر ہوں یا کسی سبب سے کچھ پنڈلیاں بھی عریاں ہو تو اس کا کیا حکم ہے۔؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

پہلے تو یہ جاننا چاہیئے کہ پردہ کرنا عورت پر واجب ہے، بے پردہ رہنا یا اس میں غفلت کرنا قطعا جائز نہیں ہے۔ سو اگر نماز کا وقت ہو جائے اور کوئی مسلمان خاتون کامل حجاب سے نہ ہو یا ویسے بے پردہ ہو تو اس میں تفصیل ہے:

1۔ اگر اس کا پردہ نہ کرنا کسی مجبوری واضطراری حالت کے سبب سے ہو، اور وہ نماز پڑھتی ہے تو اس سبب سے اس کی نماز صحیح ہوگی اور اس پر گناہ نہیں ہوگا، جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ... سورۃ البقرۃ ٢٨٦

''اللہ تعالیٰ کسی جان کو اس کی ہمت سے زیادہ کا مکلف نہیں فرماتا ہے۔''

اور فرمایا:

فَاتَّقُوا اللَّهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ ... سورۃ التغابن ١٦

''اللہ کا تقویٰ اختیار کرو جتنی تمہاری ہمت ہو۔''

2۔ اور اگر اس کا پردہ نہ کرنا یا کرنا اس کے اپنے اختیار سے ہو مثلا لوگوں کی دیکھا دیکھی یا رواج کے تحت وغیرہ اور وہ اپنا چہرہ اور ہاتھ ننگے رکھتی ہے تو اس کی نماز صحیح ہے۔ اور اگر اجنبی مرد بھی وہاں موجود ہوں تو نماز صحیح ہے مگر یہ عمل گناہ ہے۔ اور اگر وہ پنڈلیاں، بازو اور سر کے بال بھی ننگے رکھتی ہے تو اس حال میں اس کی نماز جائز نہیں ہے، اور اگر پڑھتی

ہے تو باطل ہے اور بہت بڑی گناہ گار ہے ، اور اس کی دو وجہ ہیں ۔ ایک غیر محرموں کے سامنے بے پردہ ہونا اور دوسرے اسی حالت میں نماز پڑھنا ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسا ئیکلو پیڈیا

**صفحہ نمبر 228**

**محدث فتویٰ**